اخبار الجامعة والجماعة

دھریالہ جالپ میں خاتم النبیین ﷺ واہل حدیث کانفرنس

مورخہ 20 ستمبر بروز بدھ دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان خاتم النبیین ﷺ و اہل حدیث کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) تھے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا عثمان غنی، مولانا عطاء اللہ السبیل اور مولانا عبدالمنان راسخ نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں منڈی بہاؤالدین، چکوال، آڑہ بشارت، پنڈ دادنخان، اعوان پورہ گھوڑہ اور پنڈی سید پور کے علاوہ گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس پروگرام کا انتظام وانصرام قاری حسین علی قاسمی سرپرست اہل حدیث یوتھ فورس پنڈ دادنخان اور ان کے رفقاء نے کیا۔

مرکز ابن تیمیہ صادق آباد چکنڈہ اسلام گڑھ میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 15 اکتوبر بروز اتوار مرکز ابن تیمیہ صادق آباد چکنڈہ اسلام گڑھ میں عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت منعقد ہوئی، پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ کانفرنس سے مولانا قاری بنیامین عابد نے خطاب کیا۔ مولانا طاہر شاہ اور مولانا زبیر احمد طیب خطیب یوکے نے شرکاء کی ضیافت کی

جامعہ علوم اثریہ میں طلبا کے درمیان انعامی وتقریری مقابلہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز بدھ صبح ساڑھے دس بجے سے لے کے نماز ظہر تک جامعہ علوم اثریہ جہلم میں طلبا کے مابین ''عظمت صحابہ رضی اللہ عنہم'' کے موضوع پر تقریری شاندار تقریری مقابلہ ہوا۔ مولانا قطب شاہ نے تقریری مقابلے کا آغاز کیا، بعدازاں! طلبا نے تقاریر میں اپنی صلاحیتوں کا خوب لوہا منوایا، اس پروگرام میں ڈاکٹر شاہد تنویر، صدیق احمد یوسفی، ارشد محمود زرگر، سیٹھی محمد ارشد، غلام سرور قریشی و دیگر جماعتی احباب نے شرکت کی، یہ پروگرام رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت اور نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور جہلمی کی زیر نگرانی ہوا۔ رئیس الجامعہ اور نائب مدیر الجامعہ نے مقابلہ میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا حافظ ذوالقرنین، حافظ عبدالمنان اور حافظ عبدالسمیع میں انعامات تقسیم کیئے۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گوجراں میں جلسہ شان صحابہ رضی اللہ عنہم

مورخہ 19 اکتوبر بروز جمعرات بعداز نماز عشاء جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گوجراں میں عظیم الشان جلسہ شان صحابہ رضی اللہ عنہم کے موضوع پر منعقد ہوا جس کی صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد عدنان شفیق مدرس جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ اور قاری عبدالقہار امام مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کی تلاوت سے ہوا۔ مولانا عبدالرحمان طارق نے رسول اللہ ﷺ کی شان میں نعت پڑھی۔ جلسہ سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، مولانا شاہد محمود باجوہ (سیالکوٹ) اور مولانا مفتی کفایت اللہ شاکر ناظم تبلیغ مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔

وفیات

ساجد یعقوب قریشی اور شاکر یعقوب قریشی کو صدمہ

جامعہ کے سابق شیخ الحدیث حضرت العلام پیر محمد یعقوب قریشی رحمہ اللہ کی اہلیہ محترمہ اور ساجد یعقوب قریشی و شاکر یعقوب قریشی کی والدہ محترمہ مورخہ 14 ستمبر بروز جمعرات فیصل آباد میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ کی پوری زندگی قرآن وحدیث کی تعلیم وتدریس میں گزری اور انتہائی صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی پہلی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی نے پڑھائی اور دوسری نماز جنازہ پیر صاحب کے آبائی گاؤں چک حافظاں جہلم میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

محمد شوکت و بلال شوکت کو صدمہ

مورخہ 22 ستمبر بروز جمعہ محمد شوکت کی اہلیہ محترمہ اور بلال شوکت کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد راصب حسین، خرم شہزاد اور عمران راصب کو صدمہ

مورخہ 31 اگست بروز جمعرات محمد راصب حسین کی اہلیہ اور خرم شہزاد و عمران راصب کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صابرہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی